© rasailojaraid.com



# تاریخ دعوت و جہاد برصغیر کے تناظر میں

مصنف :- عبید اللہ فہد فلاحی
تبصرہ نگار :- پروفیسر مولانا محمد شفیق الحسنی

دعوت و جہاد، اسلامی تعلیم کا خلاصہ ہے۔ اصل تاریخ، سلام کی دعوت و جہاد ہی کی ہے۔ یہ تاریخ چھٹی صدی عیسوی سے (جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی) نہیں، بلکہ اس وقت سے شروع ہوتی ہے، جب سے انسان نے اس دنیا میں قدم رکھا ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک سارے انبیاء علیہم السلام مجاہد تھے اور ان ہی کی بدولت انسان کی زندگی کو زندگی ملی۔ وہ اپنی قدروں سے واقف ہوا۔ اچھائی برائی، حلال و حرام، پاکیزگی و گندگی سے اس کو شناسائی ہوئی۔ دعوت وجہاد کی کارگزاری اس پر ختم نہیں ہوتی بلکہ اس سے بہت آگے تک جاتی ہے۔ دنیا کو آباد کرنے، اس کو ترقی دینے، تہذیب و تمدن کی شمع روشن کرنے میں انہوں نے نمایاں کارنامہ انجام دیا ہے۔

وکذلک کل نبی استخلفہم فی عمارۃ الارض وسیاسۃ ھاس

© rasailojaraid.com